29-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی پولیس کی کُل ہند ڈائرکٹر جنرل اور انسپکٹر جنرل صاحبان کی تین روزہ کانفرنس میں شرکت کریں گے، جو آج سے اوڈیشہ کے بھوبنیشور میں شروع ہورہی ہے۔

2 لوک سبھا نے وقف بِل پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی مدت کار میں بجٹ اجلاس 2025 کے آخری روز تک توسیع کردی ہے۔

3 مہایوتی کے رہنماؤں نے مہاراشٹر میں حکومت تشکیل دینے کے معاملے پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی ہے۔

4 اترپردیش حکومت نے سنبھل میں حالیہ تشدد کے واقعے کی عدالتی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔

5 حکومت نے اہم وسائل میں خود کفالت کو فروغ دینے کی خاطر پہلی مرتبہ ساحل سمندر کے نزدیک معدنیات کے بلاکوں کی نیلامی کا آغاز کیا ہے۔

6 اور ہاکی میں عمان کے مسقط میں مردوں کے جونیئر ایشیا کپ ٹورنامنٹ میں بھارت نے ایک قریبی مقابلے میں جاپان کو 2 کے مقابلے 3 گول سے ہرادیا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM ODISHA VISIT

وزیراعظم نریندر مودی، آج سے اڈیشہ کا تین روزہ دورہ شروع کررہے ہیں۔ وہ بھونیشور میں پولیس کے ڈائریکٹر جنرلس اور پولیس کے انسپکٹر جنرلس کی کُل ہند کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ تین روزہ کانفرنس آج سے لوک سیوا بھون میں شروع ہورہی ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال سمیت دیگر لوگوں کے علاوہ اہم شخصیتیں کانفرنس میں شرکت کریں گی۔ اڈیشہ، پہلی مرتبہ اس کانفرنس کی میزبانی کے فرائض انجام دے گا۔

Prakash Das

تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے پولیس کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان اور CRPF، RAW، NSG، انٹیلی جنس بیورو اور SPG کے سربراہان آج سے شروع ہونے والی پولیس کے ڈائریکٹر جنرلس اور انسپکٹر جنرلس کی کُل ہند کانفرنس میں شرکت کیلئے بھونیشور پہنچ گئے ہیں۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج سہ پہر کانفرنس کا افتتاح کریں گے اور ملک کے اعلیٰ پولیس افسران کے ساتھ سلامتی کے مختلف اُمور پر تبادلہ خیال کریں گے اور ملک کو محفوظ بنانے کی خاطر مستقبل کیلئے لائحۂ عمل تیار کریں گے۔

وزیراعظم مودی آج شام بھونیشور پہنچیں گے اور کُل کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اپنی آمد کے فوراً بعد وزیراعظم بیجو پٹنائک انٹرنیشنل ہوائی اڈے کے نزدیک ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

اِس کے بعد ہوائی اڈے سے راج بھون تک ایک روڈ شو میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی BJP کے ریاستی دفتر جائیں گے جہاں وہ پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ، وزراء، اسمبلی ارکان اور پارٹی کے سینئر عہدیداروں کے ساتھ ایک گھنٹہ طویل میٹنگ کریں گے تاکہ پارٹی کی تنظیمی کارکردگی کا جائزہ لیا جاسکے۔

بھونیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حسین اختر

کانفرنس میں اندرونی سلامتی، سائبر جرائم، ماؤنوازوں کی لعنت، منصوعی ذہانت کی وجہ سے پیدا ہونے والے چیلنجز، ڈرون سے ہونے والے نئے خطرات، انسداد دہشت گردی کے علاوہ دیگر معاملات جیسے اہم اُمور پر تبادلہ خیال کیاجائے گا۔

اڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن مانجھی نے ریاست میں وزیراعظم کے آنے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔

S/B- Mohan Charan Manjhi- Odisha

## LOK SABHA WAQF BILL

لوک سبھا نے وقف ترمیمی بل 2024 پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC کی مدت کار میں 2025 کے بجٹ اجلاس کے آخری روز تک توسیع کرنے سے متعلق ایک قرارداد منظور کی ہے۔ JPC کے چیئرمین اور BJP کے رکن پارلیمنٹ جگدمبیکا پال نے ایوان میں اِس سلسلے میں تحریک پیش کی، جسے گُل صوتی ووٹ سے منظور کرلیا گیا۔

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی، اپوزیشن کے 13 ممبران سمیت لوک سبھا سے 21 اور راجیہ سبھا سے 10 ممبران پر مشتمل ہے۔

وقف ترمیمی بِل 2024 کا مقصد ریکارڈ کا ڈیجیٹائزیشن، سختی کے ساتھ آڈِٹ، شفافیت میں اضافہ اور غیر قانونی طور پر قبضہ کی گئیں وقف املاک کو دوبارہ حاصل کرنے سے متعلق قانونی طریقۂ کار سمیت اہم اصلاحات کرنا ہے۔

JPC مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے سرکاری افسران، قانونی ماہرین، وقف بورڈ کے ممبران اور برادری کے نمائندوں کے ساتھ معلومات حاصل کرنے کیلئے سلسلے وار میٹنگیں کررہی ہے۔

## SHAH-SHINDE MEET

مہاراشٹر کے کارگزار وزیر اعلیٰ اور شیوسینا کے رہنما ایکناتھ شنڈے، BJP لیڈر دیویندر فڑنویس اور NCP سربراہ اجیت پوار نے مہاراشٹر میں حکومت تشکیل دینے کے معاملے پر تبادلۂ خیال کیلئے کَل نئی دلّی میں وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی۔ اِس موقع پر مرکزی وزیر اور BJP کے صدر جگت پرکاش نڈّا بھی موجود تھے۔

جناب ایکناتھ شنڈے پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ وہ ریاست میں حکومت تشکیل دینے میں رکاوٹ نہیں بنیں گے اور ریاست میں اعلیٰ عہدے سے متعلق BJP کی مرکزی قیادت کا فیصلہ اُنہیں قبول ہوگا۔

BJP کی قیادت والے مہایوتی نے حال ہی میں مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔

AMIT SHAH-TERRORISM

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ گزشتہ 10 برس میں دہشت گردی، بائیں بازو کی انتہا پسندی، شورش پسندی اور منشیات کے معاملے میں اہم کامیابی ملی ہے۔ مسوری میں لال بہادر شاستری نیشنل اکیڈمی آف ایڈمنسٹریشن میں اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ مرکز میں نریندر مودی حکومت کی پختہ پالیسیوں سے وہ نتائج برآمد ہوئے ہیں، جن کی امید تھی۔ وزیر داخلہ نے زور دے کر کہا کہ 31 مارچ 2026 تک بائیں بازو کی انتہاپسندی کا مکمل طور پر خاتمہ ہوجائے گا۔ انھوں نے کہا کہ جموں و کشمیر میں دہشت گردی، بائیں بازو کی انتہا پسندی، شمال مشرق میں شورش پسندی اور منشیات ملک کے سامنے 4 اہم چیلنج ہیں۔×

GIRIRAJ SINGH SURAT

ٹیکسٹائل کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت کامقصد 2030 تک ملک کی ٹیکسٹائل صنعت کی تجارت کو 350 ارب ڈالر تک بڑھانا ہے۔ وزیر موصوف نے جو ٹیکسٹائل کے شہر سورت کے دورے پر ہیں، کَل شام سورت میں مرکزی اور ریاستی سرکاروں کے افسروں کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی اور Navsari میں قائم کئے جانے والے PM Mitra پارک کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

Navsari میں بڑا مربوط ملبوسات کے فروغ سے متعلق پارک گجرات کی ٹیکسٹائل صنعت کو فروغ دے گا اور ملک پورے جنوبی گجرات خطے میں روزگار کے زبردست مواقع پیدا کررہا ہے۔

وزیر موصوف آج سورت میں Fairdeal ٹیکسٹائل پارک کا بھی دورہ کریں گے۔ آج شام جناب سنگھ سورت میں ”Bharat Tex 2025 کو فروغ دینے کیلئے ایک روڈ شو میں شرکت کریں گے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

UP-INQUIRY

اترپردیش سرکار نے سنبھل میں تشدد کے حالیہ واقعات کی عدالتی انکوائری کاحکم دیاہے، جس میں کم از کم چار افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جج دیویندر کمار اروڑا کی سربراہی میں تین رکنی کمیٹی کو اِس معاملے کی تحقیقات کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ کمیٹی کے دیگر دو ممبروں میں ریٹائرڈ IAS افسر امت موہن پرساد اور انڈین پولیس سروس کے سابق افسر اروند کمار جین شامل ہیں۔

کمیٹی کو 2 ماہ کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ اترپردیش کے داخلی اُمور کے محکمے نے کَل کمیٹی تشکیل دینے کا حکم جاری کیا تھا۔

اِس حکم میں کہا گیا تھا کہ اِس بات کی تحقیقات کرنا ضروری ہے کہ کیا پیش آنے والے تشدد کے واقعات جو جامع مسجد بنام Harihar مندر تنازعے میں عدالت کے سروے کے حکم کے دوران 24 نومبر کو ہوئے تھے، ایک منصوبہ بند سازش تھی یا معمول کا مجرمانہ واقعہ تھا۔

اِس دوران سپریم کورٹ، آج ایک پٹیشن کی سماعت کرے گی، جس میں ایک ضلع عدالت کے 19 نومبر کے حکم کو چیلنج کیا گیا ہے۔ جس نے ہدایت دی تھی کہ سنبھل میں متنازع مقام کا سروے کیا جائے۔

چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی سربراہی والی بنچ، اُس درخواست پر سماعت کرے گی، جسے جامع مسجد کی انتظامیہ کمیٹی کی طرف سے داخل کی گئی ہے۔

PRESIDENT TAMIL NADU

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا ہے کہ مسلّح افواج کو نہ صرف بھارت کے قومی مفادات کے تحفظ کی ضرورت ہے بلکہ سائبر جرائم اور دہشت گردی جیسے سلامتی کے نئے چیلنجز کیلئے بھی تیار رہنے کی ضرورت ہے۔ تمل ناڈو کے Wellington میں ڈیفنس سروسز اسٹاف کالج کے طالب علم افسران اور فیکلٹی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تیزی سے بدلتے ہوئے جغرافیائی سیاسی ماحول میں ہم کو کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار رہنے کی ضرورت ہے۔

صدر جمہوریہ بدھ سے تمل ناڈو کے چار روزہ دورے پر ہیں۔ آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، Udhagamandalam کے راج بھون میں Nilgiris ضلعے میں رہنے والے قبائلی خواتین کے اپنی مدد آپ گروپوں کے ارکان اور قبائلی برادری کے ممتاز ممبروں کے ساتھ بات چیت کریں گی۔

REDDY OFFSHORE AUCTION

معدنیات کے مرکزی وزیر جی کرشن ریڈّی نے، نئی دلی میں ساحل سمندر کے نزدیک معدنیات کے بلاکس کی نیلامی کے پہلے مرحلے کا آغاز کیا ہے۔ نیلامی کے پہلے مرحلے میں بحریۂ عرب اور انڈمان کے سمندر میں پھیلے معدنیات کے 13 بلاکس شامل ہیں۔ یہ معدنیات بنیادی ترقی، اعلیٰ تکنیکی مینوفیکچرنگ اور ماحول کیلئے سازگار توانائی کی منتقلی کیلئے اہم ہیں۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ دنیا میں کچھ ہی ممالک ساحل سمندر کے نزدیک کان کنی کو ترجیح دیتے ہیں اور بھارت بھی اِس میں شامل ہے۔ جناب ریڈّی نے مزید کہا کہ cobalt، nickel، تابنا اور Magnese جیسے اہم معدنیات کی مانگ تیزی سے بڑھ رہی ہے اور مستقبل میں بھارت میں اس کی مانگ میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے اعلان کیا بھارت بہت جلد معدنیات سے معلق اپنے ایک کمیشن کا آغاز کرے گا جو ملک کی عالمی موجودگی کویقینی بنائے گا اور گھریلو سپلائی چین کو مستحکم کرے گا۔

مرکزی وزیر نے اس امید کا اظہار کیا کہ بھارت بہت جلد اہم معدنیات کی عالمی منڈی میں ایک کلیدی ملک بن جائے گا جس سے اہم معدنیات کی درآمد پر انحصار بھی کم ہوجائے گا۔ انہوں نے سبھی فریقوں سے اپیل کی کہ وہ ساحل سمندر کے نزدیک کان کنی میں ملک کو عالمی قوت بنانے کیلئے مل کر کام کریں اور آگے آئیں۔

G. Kishan Reddy

TN-CYCLONE

جنوب مغربی خلیج بنگال میں بنا ہوا کے گہرے دباؤ کا حلقہ گل آدھی رات کے آس پاس شمال کی جانب بڑھ گیا اور یہ ناگا پٹنم کے مشرق میں 330 کلومیٹر اور چنئی کے جنوب شرق میں 430 کلومیٹر پر مرکوز ہے۔ آج صبح کی اطلاعات کے مطابق یہ 9 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے بڑھ رہا ہے اور اس کی شدت کے برقرار رہنے کا امکان ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Joy

اعلان کے مطابق ہوا کے گہرے دباؤ کا حلقہ، امکان ہے کہ کل صبح مہابلی پورم اور پڈوچیری کو پار کرے گا۔ ریاست کے ساحلی اضلاع میں اور شدید بارش کی واننگ مزید 24 گھنٹے کیلئے جاری رہے گی۔ شدید بارش کی الرٹ کے پیشِ نظر آج تعلیمی ادارے بند رہیں گے۔ ماہی گیروں کو 2 دسمبر تک سمندر میں نہ جانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ NDRF, SDRF اور ساحلی گارڈس کو الرٹ کردیا گیا ہے اور وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں۔ ساحلی علاقوں میں ابھی تک مسلسل شدید بارش نہیں ہوئی ہے، لیکن کچھ حصوں میں ہلکی سے معتدل بارش کی خبر ہے۔

چنئی سے جوائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں اسعداللہ

DELHI POLLUTION

قومی راجدھانی دلّی میں ہوا کا معیار بدستور بہت خراب کے زمرے میں ہے اور آج صبح 6 بجے ہوا کے معیار کا اوسط اشاریہ 333 درج کیا گیا۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ علاقوں میں AQI، 400 کی سطح کو پار کر گیا۔ دلّی کے بوانہ میں AQI، 434، منڈکا میں 396، آنند وہار میں 393 اور جہانگیر پوری میں 383 درج کیا گیا۔ بھارتی موسمیاتی محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ آئندہ دو دنوں کے دوران رات اور صبح کے وقت دلّی اور اُس سے متصل NCR میں دھند اور دھواں اور ہلکا کہرا چھایا رہے گا۔

PUNJAB DRUG ABUSE

پنجاب میں نابالغوں کے درمیان منشیات کے استعمال کی شدت تشویشناک ہے۔ 18 سے 75 سال کی عمر کے بالغوں میں یہ سب سے زیادہ خطرناک حد تک بڑھ رہا ہے۔ 2019 میں صوبے کے اندر منشیات کے استعمال کرنے والوں کا جائزہ لیا گیا، جسے وزارتِ سماجی انصاف اور تفویض اختیارات نے NDDTC اور آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے مشترکہ تعاون سے کرایا تھا۔ یہ تعداد 6 لاکھ 25 ہزار تک پہنچتی ہے، جس میں 10 سال سے 17 سال کے نابالغ مختلف منشیات کے مادوں کا استعمال کررہے ہیں۔ جبکہ بالغ افراد کی تعداد 63 لاکھ 60 ہزار سے زیادہ ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Rajesh Bali

یہ پہلا موقع ہے ملک میں تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں منشیات کے استعمال کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ جائزہ رپورٹ کے مطابق منشیات کے استعمال کے علاوہ پنجاب ملک کی پہلی 10 ریاستوں میں دوسرے نمبر پر ہے، جہاں مختلف عمر کے لوگ منشیات کا استعمال کررہے ہیں۔ جبکہ ہریانہ چھٹے نمبر پر ہے۔

اِسی درمیان وزیر مملکت برائے امور داخلہ نتیا نند رائے نے کہا ہے کہ حکومت نے پنجاب میں منشیات کے بحران سے نمٹنے کیلئے مختلف اقدامات کئے ہیں۔

راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں اسعداللہ۔

HOCKEY

کے مسقط میں کھیلے جارہے مردوں کے جونیئر ہاکی ایشیا کپ 2024 کے ایک انتہائی اہم مقابلے میں دفاعی چمپئن بھارت نے جاپان کو تین-دو سے شکست دی۔ یہ جیت پول-A میں بھارت کی تھائی لینڈ کے خلاف صفر-11 کی برتری کے بعد لگاتار دوسری جیت ہے۔

بھارت کا یہ گول Thockchom Kingson کے پنالٹی کارنر اور روہت اور Araijeet Singh Hundal کے اسٹرائک سے آیا۔ جس کا جواب جاپان کے Neo Sato نے پنالٹی کارنر سے 2 گول کرکے دیا۔

کل بھارت کا مقابلہ چینی Taipei سے ہوگا اور گروپ مرحلے کا آخری میچ اتوار کو کوریا سے ہوگا۔×

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: اسعداللہ

شکریہ - ارجمند

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ڈیفنس سروسز اسٹاف کالج کے طلبا اور افسروں سے خطاب کئے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ مسلح افواج ملک کی سرحدوں اور علاقائی سا لمیت کے تحفظ میں سب سے آگے ہے اور خواتین بھی فوج کی تینوں شاخوں میں مختلف یونٹوں کی کمان کررہی ہیں۔

پرتاپ اور راشٹریہ سہارا سمیت دیگر اخباروں نے وقف ترمیمی بل پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC کی مدت کار میں توسیع کئے جانے کی خبروں کو بھی صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔

اِس کے علاوہ آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل کے اِس بیان کو کہ 300 سے زیادہ قوانین کو مجرمانہ سزا سے متعلق دفعات سے مستثنیٰ کرنے پر حکومت کے منصوبے کو اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔ بھارت اور جاپان کی اقتصادی، سلامتی پر بات چیت کو بھی اہمیت دی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی کی فٹ انڈیا تحریک کو کامیاب بنانے کے تئیں ہریانہ سرکار پابند عہد، اخبار نائب سنگھ سینی کے حوالے سے لکھتا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کو ایک طبی مرکز بنانے کا وژن طے کیا ہے، اِن کے وژن کو پورا کرنے کیلئے ہریانہ میں طبی ڈھانچے کو مسلسل مضبوط کیا جارہاہے۔

آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی کے لوک سبھا کے رکن کی حیثیت سے حلف لینے کی خبر کو سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی پولیس کی کُل ہند ڈائرکٹر جنرل اور انسپکٹر جنرل صاحبان کی تین روزہ کانفرنس میں شرکت کریں گے، جو آج سے اوڈیشہ کے بھوبنیشور میں شروع ہورہی ہے۔

2 لوک سبھا نے وقف بِل پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی مدت کار میں بجٹ اجلاس 2025 کے آخری روز تک توسیع کردی ہے۔

3 مہایوتی کے رہنماؤں نے مہاراشٹر میں حکومت تشکیل دینے کے معاملے پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی ہے۔

4 اترپردیش حکومت نے سنبھل میں حالیہ تشدد کے واقعے کی عدالتی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔

5 حکومت نے اہم وسائل میں خود کفالت کو فروغ دینے کی خاطر پہلی مرتبہ ساحل سمندر کے نزدیک معدنیات کے بلاکوں کی نیلامی کا آغاز کیا ہے۔

6 اور ہاکی میں عمان کے مسقط میں مردوں کے جونیئر ایشیا کپ ٹورنامنٹ میں بھارت نے ایک قریبی مقابلے میں جاپان کو 2 کے مقابلے 3 گول سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------